خالد اسحاق

نومبر ۲۰۱۱

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

محبانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت اُمِ شریک دوسیہ رضی اللہ عنہا

ان صفحات کو ان محبان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص کیا گیا جن کی زندگی نبی اکرم ﷺ کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کے لیے بسر ہوئی۔

حضرت اُمِ شریک دوسیہؓ کا شمار نہایت عظیم المرتبت اور مشہور صحابیاتؓ میں ہوتا ہے۔ لیکن ان کے ذاتی اور خانگی حالات پردہ اخفا میں رہے۔ اہل سیر نے ان کا اصل نام اور سلسلہء نسب بیان نہیں کیا اور صرف اتنا لکھا ہے کہ ان کا تعلق قبیلہ دوس سے تھا۔ یہ قبیلہ یمن کے ایک گوشہ میں آباد تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بعثت کے بعد دعوت حق کا آغاز فرمایا تو وہ مکہ میں قیام پذیر تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں نہایت صالح فطرت سے نوازا تھا۔ انہوں نے کسی تامل کے بغیر دعوت توحید پر لبیک کہا۔

علامہ ابن سعدؒ نے طبقات میں بیان کیا ہے کہ حضرت اُمِ شریکؓ نے اسلام قبول کیا تو ان کے مشرک اعزہ واقارب نے ان کو دھوپ میں کھڑا کر دیا وہ اس حالت میں ان کو روٹی کے ساتھ شہد کھلاتے تھے جس کی تاثیر نہایت گرم ہوتی ہے۔ پانی پلانا بھی بند کر دیا۔ جب اس طرح تین دن گزر گئے تو مشرکین نے کہا کہ جو دین تم نے اختیار کیا ہے اس کو چھوڑ دو۔ وہ تین شب و روز کی بلاکشی سے بدحواس ہو گئی تھیں، مشرکین کی بات کا مطلب نہ سمجھ سکیں۔ جب ان لوگوں نے آسمان کی طرف اشارہ کیا تو وہ سمجھ گئیں کہ یہ لوگ مجھ سے توحید کا انکار کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ فوراً بولیں..... ''خدا کی قسم میں تو اسی عقیدہ پر قائم ہوں''۔

حضرت اُمِ شریکؓ نے خود ہی اسلام قبول کرنے پر اکتفا نہ کیا بلکہ نہایت سرگرمی سے قریش کی عورتوں کو بھی اسلام کی دعوت دینی شروع کر دی۔ علامہ ابن اثیرؒ نے ''اسد الغابہ'' میں لکھا ہے کہ اُمِ شریکؓ آغاز اسلام میں قریش کی عورتوں میں اسلام کی تبلیغ کیا کرتی تھیں۔ مشرکین قریش کو ان کی مخفی کوششوں کا حال معلوم ہوا تو ان کو مکہ سے نکال دیا۔

اہل سیر نے حضرت اُمِ شریکؓ کی ہجرت کے زمانے کی تصریح نہیں کی لیکن یہ بات ثابت ہے کہ انہیں ہجرت کی سعادت ضرور نصیب ہوئی اور انہوں نے مدینہ منورہ میں مستقل اقامت اختیار کر لی۔ سنن نسائی میں ہے کہ حضرت اُمِ شریکؓ نہایت متمول اور فیاض صحابیہؓ تھیں اور لوگوں کو دل کھول کر کھانا کھلایا کرتی تھیں۔ انہوں نے اپنے مکان کو گویا مہمان خانہء عام بنا دیا تھا اس لیے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں باہر سے جو مہمان آتے تھے وہ اکثر حضرت اُمِ شریکؓ ہی کے مکان میں قیام کرتے تھے۔ صحیح مسلم کی ایک روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہجرت سے پہلے مکہ میں بھی حضرت اُمِ شریکؓ نومسلموں کی کفالت کیا کرتی تھیں۔ طبقات ابن سعد میں ہے کہ مشہور صحابیہ حضرت فاطمہؓ بنت قیس کو 10ھ میں ان کے شوہر ابو عمرو حفصؓ بن مغیرہ نے طلاق دے دی تو حضور ﷺ نے پہلے تو انہیں حکم دیا کہ عدت کا زمانہ اُمِ شریکؓ کے یہاں گزارو لیکن بعد میں حضور ﷺ نے فرمایا کہ اُمِ شریکؓ کے گھر مہمانوں کی اکثر آمد و رفت رہتی ہے اور ان کے اعزہ واقارب بھی ان کے ساتھ رہتے ہیں اس لیے وہاں پردہ کا اہتمام نہ ہو سکے گا لہذا تم عدت کا زمانہ اپنے نابینا ابن عم ابن اُمِ کلثومؓ کے ہاں گزارو۔

حضرت اُمِ شریکؓ کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑی محبت اور عقیدت تھی۔ علامہ ابن سعد نے بیان کیا ہے کہ ان کے پاس ایک کپی تھی جس میں سے وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے گھی ہدیۃً بھیجا کرتی تھیں۔ اللہ کی قدرت اس کپی میں گھی ختم ہونے میں ہی نہ آتا تھا، اس میں سے وہ اپنے بچوں کو بھی دیا کرتی تھیں۔



ایک دن انہوں نے کپی کو اُلٹا کر یہ دیکھنا چاہا کہ اس میں کتنا گھی باقی رہ گیا ہے۔ اسی دن سے وہ کپی گھی سے خالی ہو گئی۔

حضرت اُمِ شریکؓ نے حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ واقعہ سنایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''اگر تم اس کپی کو نہ اُلٹتیں تو اس میں گھی عرصہ تک باقی رہتا''۔

حضرت اُمِ شریکؓ کا سال وفات اور مزید حالات دستیاب نہیں ہوئے۔

☆☆☆☆☆

نومبر 2011 کے مؤثر عملیات نظرات کواکب

ناز راٹھور

راہنمائے عملیات میں دیا کوئی بھی نقش و عمل تیار کرنے سے قبل ان ہدایات کو بغور پڑھ لیں۔

غلط طرز عمل: راہنمائے عملیات میں درج تمام اعمال استفادہ قارئین کے لیے شائع کیے جاتے ہیں، ان کا غلط استعمال کرنے والا نتائج کا خود ذمہ دار ہوگا۔

اوقات: ان صفحات میں نظرات کے جو اوقات درج ہیں ان میں کسی شہر کے لیے کچھ جمع تفریق کرنے کی ضرورت نہیں۔ ان اوقات کے مطابق کام کریں۔ ہاں ساعت کے اوقات ہر شہر کیلیے فرق ہوں گے۔ سو اس کا لحاظ رکھیں۔

رجال الغیب: عملیات میں خیال کیا جاتا ہے کہ رجال الغیب حرکت کرتے ہیں اور اس وجہ سے ان کی سمت تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ سو جب عمل کرنے بیٹھیں تو ان کی طرف منہ کر کے سلام کریں (اسلام علیکم یا رجال الغیب) اور پھر ان کی طرف پشت کر کے عمل تحریر کریں۔ ذیل میں تحریر ہے کن تاریخوں میں یہ کس سمت ہوتے ہیں۔ مشرق-۷-۱۴-۲۲-۱۹ شمال مشرق-۶-۲۱-۲۸ شمال-۸- ۱۵-۲۳-۳۰ شمال مغرب-۵- ۱۳-۲۰ مغرب-۴-۱۲- ۱۹-۲۷ جنوب مغرب-۲-۱۰- ۱۷- ۲۵ جنوب مشرق-۱-۹-۱۶-۲۴-تاہم یہ کوئی حتمی حکم نہیں۔ آپ کعبہ کی سمت بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ میرے ذاتی خیال میں یہ زیادہ معتبر، موثر اور ایمان کے نزدیک ہے۔ مسلمانوں کا اصل روحانی قبلہ کعبۃ اللہ ہے۔

حصار: عمومی اعمال کے دوران حصار کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین دفعہ درود شریف پڑھیں اور پھر تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں اور پھر تین دفعہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر اچھی طرح پھونک لیں اور اپنے اردگرد جتنے حصے میں دوران عمل آپ نے حرکت کرنی ہے، دائرہ بنالیں۔ یہ دائرہ سادہ انگلی پھیرنے یا لوہے کی نوک دار شے سے بھی بنا سکتے ہیں۔

صلوۃ حاجت: عمل شروع کرنے سے قبل اور بعد میں دو رکعت صلوۃ حاجت ادا کریں اور حصول مقصد کے لیے صدق دل سے دعا کریں۔

صدقہ: نقش لکھنے کے بعد صدقہ ضرور دیں۔ ہر عمل کا صدقہ الگ دیں، ورنہ رجعت کا امکان رہتا ہے۔ صدقہ کا بندوبست نقش لکھنے سے قبل کریں۔ ایک دفعہ رجعت ہو جائے تو علاج مشکل ہوتا ہے اور کافی تکلیف اور پریشانی اٹھانا پڑتی ہے۔ گنجائش کے مطابق مرغ وغیرہ یا چاول یا اناج بطور صدقہ دے دیں۔

سیاہی: سعد کاموں کے لیے نقش زعفران سے تحریر کریں اور قلم کسی میٹھے پھل دار پودے کی شاخ کا بنالیں۔ نحس کاموں کے لیے نقش کالی سیاہی سے تحریر کریں اور قلم لوہے کی نب والا لے لیں۔

بخور: سعد مقاصد کے لیے زعفران اور برادہ صندل کا بخور جلالیں۔ نحس مقاصد کے لیے رال اور کالی مرچ کا بخور جلائیں۔

لباس: نقش لکھتے وقت کپڑے اور جو بھی دیگر لباس ہو، پاک صاف ہوں، لازم دھیان رکھیں۔

چال: نقوش کے ہمراہ چال بھی درج ہے۔ سو ہر نقش بمطابق چال تحریر کریں۔ وہ تمام نقوش جو چال کے مطابق نہیں ہوتے ان کے موثر ہونے میں شبہ ہے۔ بلا چال نقش غلط اور اُصول عملیات کے خلاف ہے۔ نقش ہمیشہ چال کے مطابق لکھنا چاہیے۔

اثر نظر: نظر بنانے والا کوکب رجعت یا کمزور حالت میں ہو تو نظر کا اثر قوی نہیں ہوتا۔ اس حوالے سے نظرات کے موثر ہونے یا نہ ہونے والا مضمون پڑھ لیں، کافی راہنمائی ملے گی۔

اجازت: راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کو اپنی ذات کے لیے یہ عمل تیار کرنے کی مکمل اجازت ہے۔ تاہم یاد رکھیں، بے مقصد، تجرباتی، دوسرے افراد کے لیے اور بامقدار کثیر نقوش تیار کرنے سے رجعت ہو سکتی ہے۔

مزید معلومات اور حصول علم کے لیے بانی ادارہ خالد اسحاق راٹھور کی عملیات کے موضوع پر شائع شدہ کتب جن کی تفصیل اس میگزین کے آخر میں دی گئی ہے کا مطالعہ کریں۔ خاص طور پر ''اُصول و قواعد عملیات'' ایک راہنما کتاب ہے۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین۔

تخلیقی سوچ اور کامیابی کا حصول

عطارد تثلیث یورانس

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	03-11-2011	03-11-2011	04-11-2011
وقت	1-34	18-58	12-32

تعلیم یافتہ ہونے اور کامیابی کے مواقع میسر آنے کے باوجود اکثر تخلیقی صلاحیت اور سوچ کی کمی ہوتی ہے جو کہ کامیابی میں رکاوٹ کی وجہ بنتی ہے۔ اگر آپ بھی ایسی مشکل کی وجہ سے کامیابی سے دور ہیں تو تحریر کیے جا رہے نقش سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کی صلاحیتوں میں کمی آنے لگی ہے تو بھی آپ اِس عمل سے استفادہ حاصل کر کے کامیابی کی بلندیاں چھو سکتے ہیں۔

آبی نقش کو شروع میں دی گئی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے تیار کریں اور پانی میں حل کر کے اکیس دن تک بلاناغہ پئیں۔ بادی نقش کو بازو سے باندھ لیں۔ جسمانی اور ذہنی صلاحیتوں کو موثر طور پر استعمال کرنا جان جائیں گے۔ انشاء اللہ جلد حصول مقصد ہوگا۔

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش ←

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۳۳۱	۳۱۸	۳۲۵	۳۲۸
۳۲۴	۳۲۹	۳۳۰	۳۱۹
۳۲۶	۳۲۳	۳۲۰	۳۳۳
۳۲۱	۳۳۲	۳۲۷	۳۲۲

یااللہ یااللہ

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش ←

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۳۲۸	۳۲۵	۳۱۸	۳۳۱
۳۱۹	۳۳۰	۳۲۹	۳۲۴
۳۳۳	۳۲۰	۳۲۳	۳۲۶
۳۲۲	۳۲۷	۳۳۲	۳۲۱

یااللہ یااللہ

بہن، بھائیوں میں اتفاق

مریخ تثلیث مشتری

	ابتداءِ نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	15-11-2011	17-11-2011	18-11-2011
وقت	11-39	03-08	19-12

بہن بھائیوں کی ہر وقت کی چپقلش اکثر اوقات سنگین روپ اختیار کر لیتی ہے۔ اس سے پہلے کہ روز کی بڑھتی ہوئی رنجشیں، سنگین صورتحال اختیار کر لے بہتر ہے کہ اس سے پہلے ہی حالات پر قابو پا لیا جائے اور اپنی رنجشوں کو پیار میں بدلنے کے لیے خاص طور پر راہنمائے عملیات کے قارئین کے لیے تحریر کیا جا رہا عمل استعمال کریں۔

نقوش کو تیار کرتے ہوئے اوقات کار اور ہدایات کا خاص خیال رکھیں۔

آبی نقش کو پانی میں حل کر کے روز صبح بعد از نماز فجر پورے گھر میں چھڑکاؤ کریں۔

بادی نقش کو گھر میں کسی اونچے درخت کے ساتھ باندھ دیں۔

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش ←

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۱۸۱	۱۶۷	۱۷۴	۱۷۸
۱۷۳	۱۷۹	۱۸۰	۱۶۸
۱۷۶	۱۷۲	۱۶۹	۱۸۳
۱۷۰	۱۸۲	۱۷۷	۱۷۱

یااللہ یااللہ

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش ←

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۱۷۸	۱۷۴	۱۶۷	۱۸۱
۱۶۸	۱۸۰	۱۷۹	۱۷۳
۱۸۳	۱۶۹	۱۷۲	۱۷۶
۱۷۱	۱۷۷	۱۸۲	۱۷۰

یااللہ یااللہ

مزاج میں نرمی

زہرہ تسدیس زحل

	ابتداءِ نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	21-11-2011	22-11-2011	23-11-2011
وقت	16-09	13-20	10-29

یہ عمل مزاج میں نرمی پیدا کرنے کے لیے تحریر کیا جا رہا ہے۔ اس کے استعمال سے آپ کسی کے پتھر دل کو نرم بنا سکتے ہیں اور شائستگی کا عنصر پیدا کر سکتے ہیں۔ کسی بھی ظالم کو بہتر بنانے کے لیے یہ عمل استعمال کر سکتے ہیں، جس سے نہ صرف اُس کی زندگی میں بہتری آئے گی بلکہ اردگرد کے لوگوں پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

بادی نقش کو تیار کر کے ایسے درخت کے ساتھ باندھ دیں جہاں پرندوں کا گھونسلہ ہو۔ دوسرے تیار کیے گئے بادی نقش کو جس پر عمل مطلوب ہو کے گلے میں ڈال دیں۔

لوح زحل

نقوش والواح شرف زحل کا حصول اللہ کی مدد سے آپ کے مسائل، کاموں میں التواء رکاوٹ، بندش اور متفرق مسائل کے حل میں معاون ثابت ہوگا۔ اسماء الحسنیٰ کے تحت تیار کردہ الواح موثر اور مفید ہیں۔ جو لوگ شرف زحل کے نادر موقع سے فائدہ نہ اُٹھا سکے، وہ اس سلسلے میں اب بھی ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش ←

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۲۴۶	۲۴۳	۲۳۵	۲۴۹
۲۳۶	۲۴۸	۲۴۷	۲۴۲
۲۵۱	۲۳۷	۲۴۱	۲۴۴
۲۴۰	۲۴۵	۲۵۰	۲۳۸

یااللہ یااللہ

شریک کار پر غالب رہنا

مریخ تثلیث پلوٹو

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	21-11-2011	23-11-2011	23-11-2011
وقت	12-40	13-20	10-29

شریک کار اکثر کاروبار میں دھوکے یا نقصان کا باعث بنتے ہیں اگر آپ چاہتے ہیں کہ شریک کار آپ کو دھوکہ نہ دے اور کاروبار اِسی طرح منافع بخش انداز میں چلتا رہے تو اس عمل سے اُستفادہ حاصل کریں۔ اس عمل کے استعمال سے آپ شریک کار پر حاوی رہیں گے اور وہ ہر قدم آپ کی رضامندی سے اُٹھائے گا۔

بادی نقش کو کام کرنے والی جگہ پر کسی اونچی جگہ لٹکا دیں۔ خاکی نقش کو جس پر عمل مطلوب ہو کہ استعمال شدہ کپڑے میں لپیٹ کر ویران جگہ میں دفنا دیں۔

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش ←

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۵۱۶	۵۱۳	۵۰۶	۵۱۹
۵۰۷	۵۱۸	۵۱۷	۵۱۲
۵۲۱	۵۰۸	۵۱۱	۵۱۴
۵۱۰	۵۱۵	۵۲۰	۵۰۹

یااللہ یااللہ

خاکی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۲	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش ←

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۵۰۶	۵۱۹	۵۱۶	۵۱۳
۵۱۷	۵۱۲	۵۰۷	۵۱۸
۵۱۱	۵۱۴	۵۲۱	۵۰۸
۵۲۰	۵۰۹	۵۱۰	۵۱۵

یااللہ یااللہ

بانڈ لاٹری، نمبرز میں کامیابی

زہرہ تثلیث مشتری

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	27-11-2011	28-11-2011	28-11-2011
وقت	8-23	2-24	20-26

آسان ذرائع آمدن مثلاً لاٹری، نمبرز سے منافع بخش حصول کے لیے عمل تحریر کیا جا رہا ہے۔ جس کے استعمال سے آمدن میں اضافہ ہونے لگے گا اور بانڈ، نمبر میں کامیابی آپ کی ہی ہوگی۔

شروع میں دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے بادی نقش تیار کریں اور ہر وقت اسے اپنے ساتھ رکھیں۔ آبی نقش کو طلوع آفتاب کے وقت دریا میں بہا دیں۔ مزید راہنمائی کے لیے راٹھور پبلشرز کی کتاب ''اُصول وقوائد عملیات'' کا مطالعہ کریں۔

آبی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش ←

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۶۵۱	۶۳۸	۶۴۵	۶۴۸
۶۴۴	۶۴۹	۶۵۰	۶۳۹
۶۴۶	۶۴۳	۶۴۰	۶۵۳
۶۴۱	۶۵۲	۶۴۷	۶۴۲

یااللہ یااللہ

بادی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش ←

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۶۴۸	۶۴۵	۶۳۸	۶۵۱
۶۳۹	۶۵۰	۶۴۹	۶۴۴
۶۵۳	۶۴۰	۶۴۳	۶۴۶
۶۴۲	۶۴۷	۶۵۲	۶۴۱

یااللہ یااللہ

☆☆☆☆☆

کالا جادُو اور اُس کی علامات

یونس مسعود

احادیث میں آیا ہے کہ جب انسان کوئی گناہ کرتا ہے تو اُس کا ایمان ایک سائبان کی شکل میں اُس کے وجود سے نکل کر سر کے اُوپر آجاتا ہے اور جب وہ گناہ کر لیتا ہے تو پھر واپس آجاتا ہے۔ مگر تمام گناہوں میں ''جادُو'' ایک ایسا گناہ ہے جس کے نتیجے میں انسان کا ایمان مستقل طور پر چلا جاتا ہے اور وہ مسلمان سے کافر ہوجاتا ہے، اس کا عملی مظاہرہ بھی صحابہ کرامؓ کے دور میں ہوا تھا، جس کی تفصیل طوالت کا باعث ہے۔ جادُو کا اِس قدر بڑا گناہ ہونے کی وجہ سے شریعتِ اسلامی میں اِس کی سزا بھی اسی قدر سخت ہے۔ اسلامی قوانین کی رُو سے جادُو کرنے یا کرانے والے کو قتل کردینے کی سزا ہے۔ امام ابو حنیفہؒ کی نظر میں تو جادُوگر مرتد سے بھی بڑا مجرم ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک مرتد کا جرم صرف اُس کی ذات تک محدود رہتا ہے جبکہ جادُوگر کی وجہ سے پورا معاشرہ فساد کی لپیٹ میں آجاتا ہے۔ (خیال رہے کہ شریعت کی سزائیں دینا عوام کا کام نہیں بلکہ حکومتِ وقت کی ذمہ داری ہے، اگر عام لوگ یونہی سزا دینا شروع کردیں گے تو وہ یقیناً گناہ کے مرتکب ہوں گے)۔

آخر جادُو کا اتنا بڑا گناہ کیوں ہے؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس میں براہِ راست شیطان (ابلیس) یا اُس کی اولاد سے مدد لی جاتی ہے۔ جو منتر پڑھے جاتے ہیں وہ عموماً سمجھ نہیں آتے مگر درحقیقت یہ قدیم عبرانی یا سریانی زبانوں میں ہوتے ہیں (اور بعض دفعہ عربی میں بھی ہوتے ہیں جس سے عربی سے ناواقف لوگوں کو جادُو کا شبہ بھی نہیں ہوتا)، جن میں اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کا انکار اور اُن کی شان میں گستاخیاں کی جاتی ہیں پھر ابلیس یا اُس کی اولاد کو معبود اور مددگار مان کر اُن سے مدد طلب کی جاتی ہے۔ آپ خود سوچئے کہ ایسی صورتِ حال میں ایمان کیونکر بچے گا؟ پھر جادُوگر جتنے بڑے گناہ کرتا ہے اُس کا جادُو اُتنا ہی طاقتور ہوتا ہے۔ سخت ترین جادُو میں تو (نعوذ باللہ) قرآن مجید کو اُلٹا لکھا یا پڑھا جاتا ہے یا حرام اور غلیظ سیاہی سے لکھا جاتا ہے، جس سے دیکھنے والوں کو بھی بعض اوقات مغالطہ لگ سکتا ہے کہ قرآنی آیات کس طرح جادُو ہوسکتی ہیں۔ بہت خطرناک اور بڑے جادُو میں تو نعوذ باللہ جادُوگر قرآن مجید کو چھوٹے سائز میں بنوا کر اسے جوتیوں میں پہن لیتا ہے، پھر بیت الخلاء میں جاکر وہاں شرکیہ منتر پڑھتا ہے جس سے شیاطین اس سے بہت خوش ہوتے ہیں اور اُس کے تابع بہت سی شیطانی بلائیں کردی جاتی ہیں جو جادُوگر کے کام کرتی رہتی ہیں۔

جادُوگر جادُو کیلئے جو چلّے کاٹتے ہیں، اُن کی کامیاب تکمیل کے بعد ابلیس اپنی اولاد میں سے بڑی طاقتور بلائیں (کالی دیوی، لونا چماری، ہنومان وغیرہ) اُن کے تابع کردیتا ہے جو ہر وقت جادُوگر کے ساتھ رہتی ہیں اور جادُوگر کے تمام کام کرتی ہیں۔ سوچنے کی بات یہ ہے کہ ہر ایک کو اپنی اولاد بہت پیاری ہوتی ہے اور وہ بھی یہ نہیں چاہتا کہ اُس کی اولاد کسی کی نوکر بن کر رہے، پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ ابلیس اپنی اولاد میں سے کچھ مخلوقات کسی انسان کے تابع کردے اور اُس انسان سے بدلے میں کچھ نہ لے؟ تو وہ جادُوگر سے دراصل اُس کے ایمان کا سودا کرتا ہے اور اُسے کافر بنادیتا ہے، پھر اُسی جادُوگر سے دُوسرے انسانوں کو جادُو کے ذریعے تکلیف پہنچاتا، حتیٰ کہ بعض صورتوں میں جان سے بھی ماردیتا ہے۔

آج کل تو ہر تکلیف اور پریشانی کا ذمہ دار ''جادُو'' کو قرار دیا جاتا ہے۔ کسی کے رشتے نہیں آتے تو وہ سمجھتا ہے جادُو ہوگیا ہے، کوئی بدپرہیزی یا موسمی تبدیلی سے بیمار ہوتا ہے تو سمجھتا ہے کسی نے جادُو کردیا، کسی کی اپنی سستی اور نااہلی کی وجہ سے دُکان نہیں چلتی تو وہ سمجھتا ہے کسی نے جادُو کے ذریعے بندش کرادی ہوگی۔ الغرض ہر پریشانی کا ذمہ دار جادُو کو قرار دیا جاتا ہے اور یوں لگتا ہے گویا (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ نے کائنات بنا کر جادُوگروں کے رحم وکرم پر چھوڑ دی ہو۔ یہ درست ہے کہ جادُو کے ذریعے بھی ایسے کام ہوتے ہیں مگر اکثر صورتوں میں ان باتوں کا حقیقی ذمہ دار جادُو نہیں ہوتا۔

یہ جاننے کے لئے کہ واقعی جادُو ہوا ہے، کچھ مخصوص علامات دیکھنا

ہوتی ہیں۔ اگر یہ تمام علامات یا ان میں سے اکثر علامات (تقریباً 70 فیصد) کسی شخص میں پائی جائیں تو اسے اس بات کا یقین کر لینا چاہئے کہ اس پر کالا جادو کر دیا گیا ہے، بصورتِ دیگر یا تو کوئی جسمانی یا نفسیاتی مسئلہ ہوگا یا پھر نظر بد کے اثرات۔ یہ علامات میں نے اِن میں دیکھی ہیں جن پر واقعی کالے جادو کے اثرات تھے، لہٰذا اِن علامات پر کسی قسم کا شک وشبہ نہیں ہونا چاہئے۔

علامات

آسانی کے لئے علامات کی دو اقسام کی ہیں،

1۔ عمومی علامات 2۔ خصوصی علامات

عمومی علامات وہ علامات ہیں جو کالے جادو کے شکار ہر شخص میں پائی جاتی ہیں، جبکہ خصوصی علامات صرف مخصوص جادو میں دکھائی دیتی ہیں۔

1۔ عمومی علامات:

1۔۔ جس آدمی پر جادو، بالخصوص کالا جادو ہوتا ہے، اُسے مخصوص خواب مسلسل نظر آتے ہیں، جن میں یہ چیزیں نمایاں ہوتی ہیں:

☆ خواب میں پیشاب و پائخانہ دیکھنا، اپنے جسم پر پائخانہ لگا دیکھنا، اپنے آپ کو غسل خانے میں دیکھنا، الغرض خواب میں نجاست وگندگی دیکھنا۔

☆ خواب میں زنا دیکھنا، لڑکی لڑکے کو صحبت کرتے دیکھنا یا ننگا دیکھنا۔

☆ خواب میں ڈرنا۔ عجیب وغریب ڈراؤنے خواب دیکھنا۔

☆ خواب میں کتا، مُردے اور بچھو دیکھنا۔

☆ خواب میں کالی بھینس دیکھنا، بھینس کو نالے میں نہاتے ہوئے دیکھنا۔

2۔۔ بہت بدبو والی ہوا (ریح) خارج ہونا۔

3۔۔ بے سکونی محسوس ہونا۔

4۔۔ سب کچھ ہونے کے باوجود خوش نہ ہونا۔

5۔۔ دل میں گھبراہٹ اور عجیب طرح کا ڈر اور خوف محسوس ہونا۔

6۔۔ اپنے آپ سے نفرت کرنا۔

7۔۔ اذان سن کر چڑچڑا ہونا، اذان کی آواز سے اکتاہٹ، بے چینی یا نفرت ہونا اور آرزو کرنا کہ جلد سے جلد اذان ختم ہو جائے۔

8۔۔ قرآن پڑھنے یا سننے سے جسم میں درد یا کسی طرح کی تکلیف محسوس ہونا۔

9۔۔ دوائیوں (Medicines) کا اثر نہ کرنا یا کبھی شروع میں دوائی اثر کرتی ہے، بعد میں وہی دوائی نقصان پہنچاتی ہے یا پھر شروع میں فائدہ ہوتا ہے، بعد میں نہیں ہوتا۔

10۔۔ ہر کام میں جلدی کرنا۔ کوئی بھی کام کرنا تو آرزو اور کوشش ہونا کہ فوراً ہو جائے۔ مثلاً دکان پر سودا سلف لینے کیلئے بالکل انتظار نہ کر سکنا، یہ خواہش ہونا کہ بس فوراً اور فٹافٹ سودا مل جائے اگر ذرا سی بھی دیر ہوتی ہے تو جسم میں ایک عجیب سی بے چینی شروع ہو جاتی ہے اور انتظار نہیں ہو پاتا۔

11۔۔ جسم میں کیڑا کاٹنا، جب غور کرو تو کچھ نہ ہو۔

2۔ خصوصی علامات:

(i) بیماریاں:

عموماً کالے جادو سے درج ذیل بیماریاں ہوتی ہیں، یہ بالکل ضروری نہیں کہ جب یہ بیماریاں ہوں تو جادو ہی ہوگا، بلکہ جادو کیلئے سب سے پہلے مندرجہ بالا عمومی علامات کا ہونا بھی ضروری ہے، یہ بھی ممکن ہے کہ یہاں بیان کردہ بیماریوں سے ہٹ کر کوئی اور مرض لاحق ہو جائے، مگر عام طور پر یہی امراض ہوتے ہیں۔

۱۔ سر میں درد رہنا۔

۲۔ کمر اور گردوں میں درد رہنا۔

۳۔ پیروں میں درد رہنا۔

۴۔ پورے جسم میں درد رہنا۔

۵۔ آنکھیں جلنا اور لال رہنا۔

۶۔ پیشاب اور پائخانہ بار بار آنا۔

۷۔ بدبودار پائخانہ آنا۔

۸۔ پیشاب میں بہت تیز بدبو آنا۔

۹۔ پیٹ کا کھایا پیا غائب ہو جانا، یعنی جو کچھ کھایا ہو وہ آدھا یا ایک گھنٹے میں ہضم ہو جانا اور پھر بھوک لگنا، یعنی بار بار کھانے کی خواہش ہونا۔

۱۰۔ پیٹ میں درد رہنا۔ دست جیسا (بدہضمی والا) پائخانہ کرنا۔

۱۱۔ معدے میں درد اور متلی کی کیفیت۔

۱۲۔ دل تیز تیز دھڑکنا۔

۱۳۔ سانس مشکل سے آنا، سینے میں درد یا جلن رہنا۔

۱۴۔ جسم پر سرخ رنگ کا دانہ نکلنا۔

۱۵۔ منہ پر دانے نکل آنا۔

۱۶۔ سر میں دانے نکلنا۔

۱۷۔ گلا خراب ہونا، آواز کی کوالٹی خراب ہو جانا۔

۱۸۔ مرد کو اکثر احتلام ہونا۔

۱۹۔ جسم کی رگیں کھنچنا۔

۲۰۔ چکر آنا، آنکھوں کے آگے اندھیرا ہو جانا۔

۲۱۔ نزلہ اور چھینکیں بہت زیادہ ہونا، بعض اوقات چھینک مارتے ہوئے عجیب سی بدبو محسوس ہونا جیسے کوئی سڑا ہوا نزلہ باہر نکلا ہو۔

(ii) متفرق علامات:

۱۔ جنسی خواہش میں زیادتی محسوس ہونا۔

۲۔ جسم میں آگ سی محسوس ہونا۔

۳۔ پورے جسم کا گرم رہنا، ناک اور منہ سے گرم ہوا نکلنا۔

۴۔ جسم میں سوئیاں سی چبھنا۔

۵۔ چڑچڑا ہو جانا۔

۶۔ منہ کالا ہو جانا، جادو جتنا سخت ہوگا منہ اُتنا ہی کالا ہوگا یا بگڑا ہوا محسوس ہوگا۔

۷۔ منہ بھیانک (ڈراؤنا) ہو جانا۔

۸۔ نماز سے دُوری، اللہ اور اُس کے رسول ﷺ سے نفرت سی ہو جانا، دل میں اسلام اور عبادات کو بُرا سمجھنا۔

۹۔ کاہلی اور سستی، نکما سا ہو جانا، دیر دیر تک سوتے رہنا۔

۱۰۔ دماغ کا ٹھیک کام نہ کرنا، کسی چیز کا کہیں رکھ کر بھول جانا اور بعد میں ڈھونڈتے رہنا۔ یادداشت کی کمزوری، پیسوں کے لین دین میں زیادہ رقم دے دینا۔

۱۱۔ ہاتھ پیر سُن ہو جانا۔

۱۲۔ جسم پر نیل کا نشان پڑ جانا۔

۱۳۔ جسم، سر یا کندھا بھاری ہونا۔

۱۴۔ جسم میں سردی محسوس ہونا۔

۱۵۔ دن بدن سوکھتے جانا۔

۱۶۔ بلاوجہ زیادہ تھکان ہونا۔

۱۷۔ بغیر کسی وجہ کے جسم میں کمزوری ہونا۔

۱۸۔ عموماً کھانا کھانے سے پہلے یا کھانا کھانے کے دوران منہ میں ایسا

پانی سا آنا جس کی عجیب سی بدبو ہو، ایسی بدبو ناک سے ایک دم حلق میں اترتی ہے جس کی عجیب طرح کی ہیک ہوتی ہے۔

۱۹۔ آنکھوں کے سامنے گلابی یا نیلے رنگ کا ڈبہ سا نظر آنا یا پھر عجیب سی لائینیں نظر آنا۔

۲۰۔ آنکھوں کے سامنے کالے رنگ کا سایا گھومتا ہوا نظر آنا، یوں لگتا ہے جیسے آنکھوں کے اُوپر پنکھا گھوم رہا ہو، جیسے ہیلی کاپٹر کا پر گھوم رہا ہوتا ہے، عموماً جب کالے جادو کا شکار فرد اپنی دونوں آنکھوں سے زمین کو دیکھتا ہے تو اسے زمین پر کالے رنگ کا پر گھومتا ہوا نظر آتا ہے۔

﴿ضروری نوٹ﴾

اگر کسی پر جادو بالخصوص کالا جادو کر دیا گیا ہو تو چند بار آیت الکرسی، سورۃ یٰسین یا چہار قل وغیرہ پڑھنے سے وہ ختم نہیں ہو جاتا بلکہ کبھی اس طرح اثرات میں وقتی کمی جبکہ بعض صورتوں میں اضافہ بھی ہوسکتا ہے۔ اس کے علاج کیلئے مخصوص تعداد میں قرآنی سورتوں یا آیات کو مخصوص دنوں تک پڑھنا ضروری ہوتا ہے، جو کہ جادو کی نوعیت کے لحاظ سے مختلف ہوسکتا ہے۔ لہٰذا بہتر یہی ہے کہ اس کے علاج کے لیے خالد اسحاق راٹھور یا کسی صاحب شریعت عامل یا بزرگ سے رجوع کیا جائے جو پہلے اس جادو کی نوعیت معلوم کرے گا، پھر اس کے مطابق علاج تجویز کرے گا۔ اس سلسلے میں راقم الحروف ہر قسم کی ذمہ داریوں سے بالکل بری ہے، مزید راہنمائی اور علاج کے لیے آپ ادارہ راہنمائے عملیات سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

*****

ذاتی اسم اعظم

تحریر عمران رضا رزاقی قادری

محترم قارئین ماہنامہ راہنمائے عملیات السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکتہ۔ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک واحدلاشریک آپ کو اپنی حفاظت میں رکھیں۔ آمین۔

قسمت پھر لے آئی ماہنامہ راہنمائے عملیات کے صفحاتِ قرطاس پر۔اس سے پہلے جون 2011 کے شمارے میں مجرب عمل حُب ذاتی آزمودہ کے عنوان سے تحریر کا آغاز کیا تھا جو کہ میرا کسی بھی روحانی ماہنامہ میں پہلا مضمون تھا۔دوستوں نے اُسے پڑھا اور کہا بھی کہ نشانے پر تیر کے مترادف اُسے مجرب پایا۔ چند ایک دوستوں نے ہلکی سی شکایت بھی کی کہ اس میں تصور جلدی نہیں قائم ہوتا۔اس کے علاوہ جس نے بھی کیا اُس نے تعریف کی۔اس بار قارئین ماہنامہ راہنمائے عملیات کے لیے ذاتی اسمِ اعظم یعنی آپ کے نام کا اپنا اسم اعظم لے کر ان صفحاتِ قرطاس پر حاضر ہوا ہوں۔

ذاتی یعنی اپنے نام کا اسم اعظم۔اس کے فائدے بے شمار بے حد و لاتعداد ہیں۔کاروبار میں ترقی، دشمنوں سے نجات، تسخیر خلق اور دیگر کئی اس کے فائدے ہیں۔اپنے نام کا اسم اعظم نکالنے کا طریقہ نہایت ہی آسان ہے اور وہ یہ ہے کہ نیچے دیئے حروف ابجد کے چاٹ میں سے اپنے نام کے اعداد نکالیں۔

ز	و	ہ	د	ج	ب	ا
7	6	5	4	3	2	1
ن	م	ل	ک	ی	ط	ح
50	40	30	20	10	9	8
ش	ر	ق	ص	ف	ع	س

300	200	100	90	80	70	60
غ	ظ	ض	ذ	خ	ث	ت
1000	900	800	700	600	500	400

مثلاً میرے نام کے اعداد ہیں۔

محمد............92

عمران.......360

مجموعہ.......453

اب آگے دیئے گئے بڑے چاٹ سے اپنے نام کے اعداد کے برابر ایک اسم اعظم تلاش کرلیں۔اگر ایک نا ملے تو2 ایسے اسم اعظم تلاش کریں جن کے اعداد آپ کے نام کے اعداد کے بالکل برابر ہوں ایک عدد کا بھی فرق نہ ہو۔مثلاً میرے نام کے اعداد453۔اب اسم اعظم تلاش کیا تو ایک نہیں ملا،2 مل گئے وہ ہیں یارزاق(308) +،یامُھیمن(145)=453۔

اب اس کا طریقہ ورد۔یعنی وظیفہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام کے حاصل اعداد کو ضرب فی نفسہ یعنی جو اعداد کا مجموعہ حاصل ہوا ہے اتنے ہی اعداد سے ضرب دیں مثلاً 453x453=205209۔

ضرب دینے کے بعد جو مجموعہ حاصل ہوا اسے 21 پر یا 41 پر تقسیم کر دیں۔205209 کو 41 پر تقسیم کیا تو باقی بچا5005۔اب 40 دن 5005 دفعہ یارزاق یامُھیمن کا ورد کیا جائے گا جب 41 ویں رات کو وظیفہ کرنے لگیں تو 5009 دفعہ وظیفہ کریں۔اس طرح کرنے سے 205209 کی تعداد پوری ہو جائے گی۔اب آپ اپنے نام کے اسم اعظم کے عامل ہو جائیں گے۔اب تاحیات 453 دفعہ یارزاق یامُھیمن کا ورد کریں پھر دیکھیں کہ آپ کی قسمت کے ستاروں کو عروج کتنا حاصل ہوتا ہے۔

اس میں پرہیز کچھ زیادہ نہیں ہے صرف کچا پیاز اور بڑا گوشت نہ کھائیں اور ہاں اگر یہ وظیفہ یعنی اپنے نام کے اسم اعظم کا اگر بغیر حصار کے کریں تو حقیقتاً بات میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اس کے موکل آپ سے بہت جلد مانوس ہوں گے اور ہاں یاد رہے دوران وظیفہ آپ نے حاضری موکل کی نیت سے پڑھائی نہیں کرنی صرف آپ نے جو ضرب دے کر تعداد کا مجموعہ حاصل کیا تھا آپ نے بس وہ تعداد پوری کرنی ہے یہ آپ کے اسمِ اعظم کی زکات نکل جائے گی۔

دوران زکوۃ اول وآخر 100 مرتبہ کوئی بھی درود شریف پڑھیں لیں اور روزانہ وقت ایک ہی رکھنا ہے۔اکیلے بیٹھ کر نیچے سفید کپڑا بچھا کر پڑھائی

کریں تو آپ کو اس کا لطف ملے گا اور ہاں ایک بات تو رہ ہی گئی وہ یہ کہ جن حضرات کے نام کے اعداد کے برابر اسم اعظم یا جبار (206) + یا قہار (306)=512 نکلے۔

پرہیز جمالی اور جلالی کے ساتھ ساتھ روزہ بھی رکھ کر اس کی زکوۃ حصار لگا کر نکالیں۔اس کے علاوہ اسم اعظم اپنے نام کا با موکل بھی نکلتا ہے جس کا طریقہ ذرا طویل ہے۔وہ آئندہ انشاء اللہ تعالیٰ پیش کروں گا۔جو طریقہ اب بیان کیا گیا ہے یہ بہت آسان ہے اس میں کوئی پرہیز نہیں سوائے کچے پیاز اور بڑے گوشت کے۔آپ پڑھائی بغیر حصار کے کریں، کیونکہ حصار لگانے سے آپ کے غیبی موکلوں کو تکلیف ہوگی۔اس میں صرف ایسا لگے گا کہ کوئی چیز یا کیڑا آپ کے پاؤں کو کاٹ رہا ہے یا کوئی چیز آپ کے سر پر رینگ رہی ہے۔آپ نے ڈرنا نہیں۔یہ موکلات ہوتے ہیں جو آہستہ آہستہ آپ سے مانوس ہوتے ہیں، یہی اس میں یعنی بغیر حصار کی پڑھائی میں ہوتا ہے جو حاضری موکل کی نیت سے نہ کی جائے۔اس میں موکل بہت جلد دوست بن جاتے ہیں اور جب آپ زکوۃ نکال دیں تو بعد میں حسب توفیق مٹھائی بچوں میں تقسیم کر دیں۔اپنے نام کے اعداد کے مطابق آپ پڑھائی کرتے رہیں۔روزانہ جو بھی وقت ملے آپ پڑھ لیا کریں۔لیکن دوران زکوۃ آپ نے وقت کی پابندی لازمی کرنی ہے۔یہ پابندی صرف آپ پر دوران زکوۃ ہی رہے گی اس کے بعد جب آپ کا دل کرے تو پڑھ لیا کریں لیکن ناغہ نہ ہو۔خدانخواستہ ناغہ ہو جائے تو اگلے دن اس طرح کریں کہ پہلے گیارہ دفعہ درود شریف پڑھ کر اپنا سابقہ وظیفہ کر لیں پھر بعد میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لیں اس دن آپ اس طرح دو دفعہ کر لیں تو آپ سابقہ وظیفہ کے ساتھ مل جائیں گے۔آپ نے ایک سے زیادہ ناغہ نہیں کرنا۔اگر ایک سے زیادہ ناغے کیے تو آپ کو پھر سے دوبارہ ساری محنت کرنا پڑے گی۔

چارٹ کے ساتھ اسم اعظم منظوم ہیں جو کہ ایک نظری شکل میں مجھے آج سے تقریباً 30 سال پرانی کتاب سے ملے تھے وہ آپ کے لیے تحریر کر دیئے ہیں کتاب کا نام اسرار ربوبیت ہے۔مصنف کا نام ہے حکیم پیر میاں عبدالغفور عرشی قادری۔اس میں انہوں نے لکھا ہے کہ بعد از فجر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ یہ نظم ایک مرتبہ پڑھ لینا ہی کافی ہے۔اللہ تعالیٰ کے ناموں کی تعداد 99 ہے۔اب جو چارٹ پیش کیا جا رہا ہے اس میں اسمائے اعظام کی تعداد تقریباً 135 ہے جو کہ علامہ عالم فقری صاحب کی کتاب شرح اسمائے حسنہ کے آخر میں تحریر کیا ہے۔

منظوم اسمائے اللہ تبارک تعالیٰ

اللہ تبارک تعالیٰ کے 99 نام کا وظیفہ بعد نماز فجر ایک مرتبہ پڑھے اول و آخر 11-11 بار درود شریف پڑھے جس مقصد کے لیے پڑھا جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ مقصد پورا ہوگا۔اول و آخر 11-11 بار درود شریف ضرور پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

مجھ کو یا اللہ اپنا عشق دے....... ہے عبادت صرف تیرے واسطے
مستحق تو ہی عبادت کا ہو....... ہے تو ہی معبود ساری خلق کا
بخش یا رحمٰن ہوں میں خوار تر....... یا رحیم مہربانی مجھ پر کر
یا ملک تو ہی شہد بردوسرا....... مجھ کو جنت دے جہنم سے بچا
مجھ کو یا قدوس کر عیبوں سے پاک...... تو نہایت پاک میں یک مشت خاک
یا سلام دین و ایما کو مرے...... رکھ سلامت اپنے فضل و لطف سے
یا عزیز میرے غالب ہو دین ست...... کا یا جبار میرے کر درست
تو ہے یا متکبر سب سے بڑا....... مجھ کو مغروروں کی صحبت سے بچا
بے تیرے یا خالق ہے کونسا...... جس نے سب خلقت کا اندازہ کیا
کن سے یا باری پیدا کیا....... یا مصور صورتِ عشرت دکھا
بخش یا غفار عصیاں سر بسر....... نفس کو غالب نہ تو یا قہار کر
بے عوض تو رزق یا وہاب دے...... رزق یا رزاق دے دو قسم کے
کھول یا فتاح تو روزے کے در....... یا علیم خوار ہو میں بے خبر
تنگ کر یا قابض رزق پلید....... رزق کر یا باسط طیب مزید
پست ہوں یا حافظ دشمن میرے...... دے مجھے یا رافع رتبے بڑے
یا معز مجھ کو عزت کر عطا....... یا مذل مجھ کو ذلت سے بچا
یا سمیع سن میری فریاد کو....... یا بصیر دیکھ مجھ ناشاد کو
یا حکم تو حکم پر اپنے چلا....... ڈر ہے یا عدل تیرے انصاف کا
یا لطیف مجھ پر اپنا لطف کر....... یا خبیر دل کو کر دے با خبر
یا حلیم بردباری کر عطا....... یا عظیم ہے تو سب سے بڑا
یا غفور بخش دے میرے گناہ....... یا شکور شکر رکھ مدنگاہ
یا علی ہے بڑا رتبہ تیرا....... یا کبیر تو بڑا ہے تو بڑا
یا حفیظ آفتوں سے رکھ نگاہ...... یا مقیت تن میں دے قوت کی راہ
یا حسیب سہل ہو مجھ پر حساب....... یا جلیل تو بڑا عالم جناب

یا کریم تو سخی محتاج سب ...... یا رقیب تو نگہبان روز شب
یا مجیب کر دعا میری قبول ...... دین و دنیا میں نہ کر مجھ کو ملول
علم کر یا واسع مجھ پر فراخ ...... بعد مردن قبر میری کر فراخ
یا حکیم تو ہے دانائی عمل ...... یا ودود تو محبّ بے بدل
یا شہید حاضر و آگاہ کل ...... تو ہی یا حق ہے شہنشاہ کل
یا وکیل کارساز بے کساں ...... یا قوی قوتِ بے طاقتاں
یا متین دین پر رکھ استوار ...... یا ولی کر مدد لیل و نہار
یا حمید حمد ہے تجھ کو سزا ...... تو ہے یا محصی محیط ماسوا
پہلے بھی یا مبدی پیدا کیا ...... یا معید تو ہی پھر مرجع ہوا
زندہ محیی ہوں جبتک شاد رکھ ...... جب مروں تب یا ممیت یاد رکھ
تو ہی یا حیی ہے زندہ تا ابد ...... تو ہی یا قیوم قائم لاولد
رکھ غنی مجھ کو سد یا واجد ...... سب بڑائی تجھے یا ماجد
ہے تو ہی یا واحد عالی صفات ...... یا احد ہے تو ہی یکا پاک ذات
یا صمد سب کو ہے تیری جستجو ...... سب تیرے محتاج ہیں بے پرواہ ہے تو
نفس پر یا قادر قادر رہوں ...... یوں جیوں یا مقتدر جبتک جیوں
تو ہی تو یا اول اول میں تھا ...... پھر تو ہی یا آخر ہو گا سدا
اُس پر تو یا ظاہر ظاہر ہوا ...... صنعتوں پر جو کوئی ماہر ہوا
وہم سے یا باطن تو ہے نہاں ...... تجھ کو پائے کوئی یہ طاقت کہاں
تو ہے یا والی برائے بندگان ...... کار ساز مالک ہر دو جہاں
تیرا ہے یا متعالی رتبہ بلند ...... ہوں تیرے احسان میں باطن میں بند
میری یا تواب کر توبہ قبول ...... رحم کر یا منتقم بدلے کو بھول
یا عفو کر گناہ سے میرے درگزر ...... یا رؤف مہربانی کی کر مجھ پر نظر
یا ملک الملک بجا ہے تیرا نام ...... دے مجھ کو ملک قناعت میں مقام
یا ذوالجلال اور تو ہی والاکرام ہے ...... میری بخشش کیا بڑا سا کام ہے
عدل سے یا مقسط ڈرتا ہوں ب میں .. فضل تیرے کی اُمید بس کرتا ہوں میں
جمع کر یا جامع دل کو میرے ...... یا غنی کر دے بے پرواہ مجھے
جو ضرور ہے یا ضار دور رکھ ...... نفع سے یا نافع مسرور رکھ
دل کو یا نور میرے روشن بنا ...... راہ یا ھادی مجھ کو سیدھی دکھا
یا بدیع تو بڑا صاحب کمال ...... کر دیا عالم کو پیدا بے مثال
تو ہی یاباقی رہے باقی سدا ...... ہے تو ہی یا وارث وارث میرا
یا رشید راہ نیکی کی دکھا ...... آتش دوزخ سے ہم سب کو بچا
ہو چکے ننانوے نام اے اُخی ...... یا صبور کی طرح ہیں اور بھی
یا الٰہی بمہر ختم الرسلین ﷺ مومنوں کو کر عطا خُلد برین۔

اسمائے گرامی کا چارٹ مع اعداد قمری

نام اسم اعظم	اعداد	تاثیر	نام اسم اعظم	اعداد	تاثیر
اللہ	66	معتدل	الرحمن	298	جمالی
الرحیم	258	جمالی	الملک	90	جمالی
القدوس	170	جمالی	اسلام	131	جمالی
المومن	136	جمالی	المھیمن	145	جمالی
العزیز	94	جلالی	الجبار	206	جلالی
المتکبر	662	جلالی	الوتر	606	جلالی
الخالق	731	جمالی	باری	213	جلال
المصور	336	جلالی	الغفار	1281	جمالی
القہار	306	جلالی	الوھاب	14	جمالی
الرزاق	308	جمالی	الفتاح	289	جمالی
العلیم	150	جمالی	القابض	903	جلالی
الباسط	72	جمالی	الخافض	1481	جلالی
الرافع	351	جمالی	المعز	117	جمالی
المذل	770	جلالی	السمیع	180	جمالی
البصیر	302	جمالی	الحکم	68	جمالی
العدل	104	جلالی	اللطیف	129	جمالی
الخبیر	812	جمالی	الحکیم	88	جمالی
العظیم	1020	جمالی	الغفور	1286	جمالی
الشکور	526	جلالی	العلی	110	جلالی
الکبیر	232	جلالی	الحفیظ	998	جمالی
المقیت	550	جمالی	الحسیب	80	جمالی
الجلیل	73	جلالی	الکریم	270	جمالی
الرقیب	312	جمالی	المجیب	55	جمالی
الواسع	137	جلالی	الحکیم	78	جمالی
الودود	20	جمالی	المجید	57	جمالی

الباعث	573	جمالی
الحق	108	معتدل
القوی	116	جلالی
الولی	46	جمالی
المحصی	148	جلالی
المعید	124	جمالی
الممیت	490	جلالی
القیوم	156	جلالی
الماجد	48	جمالی
الاحد	13	جلالی
القادر	305	جلالی
المقدم	184	جلالی
الاول	37	معتدل
الظاہر	1106	جلالی
الوالی	47	جمالی
البر	202	جمالی
المنتقم	630	جلالی
الرؤف	286	جمالی
ذوالجلال والاکرام	1100	جلالی
الجامع	114	جلالی
المغنی	1100	جمالی
الضار	1001	جلالی
النور	256	جلالی
البدیع	86	معتدل
الوارث	707	جلالی
الصبور	298	جلالی
رب	202	جمالی
القدیر	314	جلالی
الکفیل	140	جمالی

الشہید	319	جمالی
الوکیل	66	جمالی
المتین	500	جلالی
الحمید	62	جمالی
المبدی	56	جلالی
المحی	68	جلالی
الحی	18	جلالی
الواجد	14	جلالی
الواحد	19	جلالی
الصمد	134	جمالی
المقتدر	744	جلالی
الموخر	846	جلالی
الاخر	801	جلالی
الباطن	62	جمالی
المتعالی	551	جلالی
التواب	409	جمالی
العفو	156	جمالی
مالک الملک	212	جلالی
المقسط	209	جلالی
الغنی	1060	جلالی
المانع	201	جمالی
النافع	201	جمالی
الھادی	20	جلالی
الباقی	113	جلالی
الرشید	514	جلالی
القریب	312	جمالی
المبین	102	جمالی
الحافظ	989	جمالی
الشاکر	521	جمالی

الاکرام	261	جلالی
المولیٰ	86	جمالی
الخلاق	731	جلالی
الغافر	1281	جمالی
الملیک	100	جمالی
المحیط	67	معتدل
الرفیع	307	جمالی
الغائب	1033	جلالی
البرہان	258	جمالی
المنعم	200	جمالی
العالم	141	جمالی
الحنان	109	جمالی
الجمیل	83	جمالی

الاعلیٰ	151	جمالی
الالٰہ	36	معتدل
القاہر	306	جلالی
الفاطر	290	جمالی
الٰہی	98	جمالی
المستعان	621	جمالی
الکافی	111	جمالی
المنان	141	جمالی
السریع	340	جمالی
الشافی	391	جمالی
الشدید	318	جلالی
المعطی	129	جمالی
الفرد	384	جلالی

محترم قارئین ماہنامہ راہنمائے عملیات اپنے نام کا اسم اعظم نکالنے اور اس کی زکوۃ نکالنے کا مکمل طریقہ بیان کر دیا گیا ہے۔ کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو محترم جناب خالد اسحٰق راٹھور صاحب سے رجوع فرمائیں۔ اس اسمائے اعظم کے چارٹ کو محفوظ رکھیں۔ انشاء اللہ عنقریب ہی اسم اعظم با موکل کا طریقہ بھی پیش کروں گا۔

آپ کا ماہ کیسا گزرے گا؟

ہے ان کو وہ رقم یا چیز واپس ملتی نظر آ رہی ہے۔ اپنے ساتھ زیادہ کیش نہ رکھیں، گم یا چوری وغیرہ ہونے کا اندیشہ ہے۔ شریک کار اور اپنے ساتھ کام کرنے والے افراد سے وابستہ کام حل ہونے کی بجائے اگلے وقت پر پڑتے جائیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو تلخ رہے گا۔ خوراک کی طرف بھی آپ خاص توجہ رکھیں گے۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف آپ کوئی خاص توجہ نہ دیں گے۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے کام کے حوالے سے یہ مناسب وقت ہے۔ بہتر یہی ہے کہ غیر ضروری کاموں کی بجائے اپنے کاروبار کو وقت دیں۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے کے لیے جانا ہوگا۔

سعد تاریخیں	10-11-15
نحس تاریخیں	5-6-26
لکی نمبر	3-7-0

☆☆☆☆☆

حکیم عامل ارشاد احمد چوراہی۔

بواسیر و اس کا علاج

عربی زبان میں اسے حدہ کہتے ہیں۔یہ ایک متعدی مرض ہے۔جس میں مقعد کے اندر یا باہر سرخی مائل نیلگوں سے پیدا ہو جاتے ہیں۔جن میں سے بعض اوقات خون آنے لگتا ہے اور درد کے ساتھ شدید جلن بھی ہوتی ہے۔مریض اجابت کے خیال سے ہی خوفزدہ ہو جاتا ہے۔بواسیر کی دو اقسام ہیں۔

بادی بواسیر ...... بیرونی بواسیر

خونی بواسیر ...... اندرونی بواسیر

بیرونی بواسیر کو بادی بواسیر اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس بواسیر میں مسے تو بنتے ہیں لیکن خون نہیں آتا۔جبکہ اندرونی بواسیر کو خونی بواسیر اسی لیے کہا جاتا ہے کہ اس مرض میں مقعد کے اندر مسے ہوتے ہیں جن میں سے خون کم و بیش آتا رہتا ہے۔درد کا احساس کم ہوتا ہے۔خارش اور جلن ہوتی ہے۔خون پاخانہ کے ساتھ مل کر نکلتا ہے، کبھی اجابت کے بعد قطرہ قطرہ ٹپکتا رہتا ہے اور بعض اوقات خون زیادہ مقدار میں خارج ہوتا ہے جس سے مریض پر غشی طاری ہو جاتی ہے۔

بادی بواسیر کے اسباب

سرد ماحول میں رہنا۔ٹھنڈے پانی سے بار بار استنجاء کرنا۔سرد جگہ پر بیٹھے رہنا۔کثرت جماع، قوت باہ میں اضافہ کے لیے چرس، سنکھیا، افیون، بھنگ اور شراب کا کثرت سے استعمال کرنا۔شدید قبض بھی بادی بواسیر کا سبب ہے۔

خونی بواسیر کے اسباب

ترش تیزابی، تیز مرچ مصالحہ والی غذائیں مثلاً تکہ کباب، تیتر، بٹیر اور کبوتر وغیرہ کا گوشت خونی بواسیر کا ایک بڑا سبب ہے بادی بواسیر کا غیر مناسب علاج ہے۔اسی وجہ سے اسے بادی بواسیر کی بگڑی ہوئی صورت کہا جاتا ہے۔خواتین میں حیض کی بندش اور ایام حمل بھی خونی بواسیر کا سبب بنتے ہیں۔

بواسیر کا روحانی علاج پاک کلام سے

دم برائے بواسیر

اول و آخر درود پاک طاق اعداد میں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم --5 پانچ مرتبہ

سورۃ فاتحہ سات مرتبہ۔بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ سے آمین تک۔

یَا رَحِیۡمُ کُلِّ صَرِیۡخٍ وَّ مَکۡدُوۡبٍ یَا رَحِیۡمُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ 11 مرتبہ پڑھیں۔

طریقہ:

ایک عدد بوتل سادہ پانی کی لیں۔دم مبارک اسی ترکیب سے روزانہ اس پانی پر دم کریں۔اسی بوتل سے پانی پیتے رہیں۔پانی کم ہونے پر اور ڈالتے رہیں۔اسی کو روز دم کریں۔21 دن تک ناغہ نہ ہونے دیں۔انشاء اللہ بواسیر ختم ہو جائے گی۔

2- بواسیر کا مریض یا بواسیر سے بچنے کے لیے اس دو رکعت نماز کو اسی طریقہ سے پڑھتے رہیں۔اس کا طریقہ ہے۔دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔

پہلی رکعت سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ الم نشرح اور دوسری رکعت میں سورۃ الم ترکیف پڑھے۔ انشاء اللہ بواسیر کا مرض ختم ہوگا اور پھر کبھی بھی نہ ہوگا۔ یا پھر اِن دونوں سورتوں کو نماز فجر کی سنتوں میں ہمیشہ پڑھتے رہیں۔ یہ موذی مریض کبھی آپ کو نہیں ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

3- دو رکعت نفل برائے دفع بواسیر۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ والضحیٰ، سورۃ الم نشرح اور سورۃ الم ترکیف۔ دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد لایلٰف، سورۃ الکافرون اور سورۃ اخلاص۔ ان دو رکعت نفل کو ادا کرتا رہے، انشاء اللہ بواسیر ختم ہوگی اور پھر کبھی نہ ہوگی۔ بواسیر خونی و بادی جاتی رہے گی۔ مریض انشاء اللہ تعالیٰ شفاء پائے گا۔

بواسیر کا بذریعہ تعویذات علاج


1) بواسیر کے مریض اس نقش پاک کو گلے میں پہنے اور پینے کے لیے اس کو آبی چال میں بنائیں۔ یہ نقش سورۃ بروج کا ہے۔

(2

اللہ — بسم اللہ الرحمن الرحیم

۸۰۳۸	۸۰۴۱	۸۰۴۵	۸۰۳۱
۸۰۴۴	۸۰۳۲	۸۰۳۷	۸۰۴۲
۸۰۳۳	۸۰۴۷	۸۰۳۹	۸۰۳۶
۸۰۴۰	۸۰۳۵	۸۰۳۴	۸۰۴۶

اس نقش کو بنا کر پانی کے ساتھ نگل جائیں۔ انشاء اللہ بواسیر کے موذی مرض سے نجات ہوگی۔ چاند کی انگوٹھی پر اس نقش کو بنائیں۔ بواسیر کبھی نہ ہوگی۔ انشاء اللہ اور بہت سی فتوحات نصیب ہوں گی اس نقش کے بے شمار فوائد ہیں۔



3) یہ نقش پاک بہت ہی عظیم ہے۔ بواسیر کے علاج میں اکسیر ہے۔ پینے اور گلے کے لیے یکساں مفید ہے۔ باقی امراض میں بھی استعمال میں لا سکتے ہیں۔

اللہ — بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۰۵۸۳	۱۰۵۸۶	۱۰۵۸۹	۱۰۵۷۶
۱۰۵۸۸	۱۰۵۷۷	۱۰۵۸۲	۱۰۵۸۷
۱۰۵۷۸	۱۰۵۹۱	۱۰۵۸۴	۱۰۵۸۱
۱۰۵۸۵	۱۰۵۸۰	۱۰۵۷۹	۱۰۵۹۰

یا الٰہی فلاں بن فلاں کی بواسیر دفع شود

منتر برائے علاج بواسیر

01) کچی مٹی کے سات ڈھیلے لیں ان پر یہ اسماء پڑھیں:-

"آفان، مقان، تقان، تقوی، الیج، ہلیج، کلیجا"

اس کی ترکیب کچھ یوں ہے کہ ساتھ ڈھیلے لے کر سات اسماء کو سات ہی مرتبہ ہر ڈھیلے پر پڑھے اور پھونکے۔ ان سات ڈھیلوں کو بواسیر کے مسوں پر پھریں۔ بواسیر کے مسے ختم ہوں گے اور فائدہ عظیم ہو گا۔ مجرب۔

02) اس عمل کو روزانہ سات دن تک مسلسل کریں اِس موذی بیماری سے جان چھوٹ جائے گی۔ روزانہ ایک چھوٹا سا کاغذ لے کر اس پر طلسم تحریر کریں۔ اور اس کاغذ کو نگل جائیں۔ شفائے کلی ہوگی۔ طلسم یہ ہے۔ مجرب۔

** اا۸ح عہ ط طاع اااا امطم ھ ے**

03) اس منتر کو تین مرتبہ پانی پر دم کر کے آبدست لے ہر قسم کی بواسیر جاتی رہے گی۔ منتر یہ ہے "خراسان کی بیٹی شاہ، خونی و بادی دونوں جائیں"۔

04) رفع حاجت کے بعد مقعد دھوتے وقت مسلسل یہ منتر پڑھتے رہیں۔ مسے جھڑ جائیں گے۔ منتر یہ ہے "ما کن، کون، تکون، پکون"۔

☆☆☆☆☆

قسط نمبر 6

مستند اعمال

انتخاب اعمال
عبدالباسط راٹھور + عبدالحئی راٹھور

اس ماہ مستند اعمال کے تحت شائع ہونے والے اعمال جناب سید حسن اشرف کے حسن انتخاب کے پھول ہیں۔

برائے قضائے حاجات

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْقَوِیِّ الْكَافِیْ يَاحَیُّ يَا قَيُّوْمُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ. بفضلِ الٰہی مراد برآید۔

سورۃ فاتحہ کے خواص

سورۃ فاتحہ کو سر کے درد کے لیے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر پڑھا جائے، اول آخر درود شریف اور دم کرے تین بار ایسا کرے تمام درد سر اور شقیقہ کے درد کو مفید ہے۔ تین دن ایسا کرے، انشاء اللہ رحمت ہوگی۔ اسی طرح پیٹ کے درد کے لیے نمک پر دم کریں۔ درد والا تھوڑا تھوڑا چکھا کرے اور بخار و حرارت کے لیے سات بار پانی پر دم کر کے پلاتا رہے، انشاء اللہ مفید ہوگا۔

اور مسخرات کے لیے اکتالیس بار بعد سنت فجر و قبل فرض اول آخر درود شریف سات سات بار پڑھ کر دعا کرے اور فتح یابی کے لیے گیارہ بار پڑھ کر اپنے کام کو جاری کرے اور مشکل کشائی کے لیے اکیس بار پڑھتا رہے۔

اگر زوجین کے درمیان محبت نہیں تو اکیس بار کسی شیرینی وغیرہ پر پڑھ کر چند ایام تک زوجین کو کھلا دے۔ جس کو محبت ہے وہ دوسرے پر بسم اللہ کے ساتھ تین بار پڑھ کر دم کرتا رہے اس کی محبت کامیاب ہو جائے گی اول آخر درود شریف ہر کام کے ساتھ ہے۔ سورۃ فاتحہ ہر دکھ کی دوا ہے بفضلہٖ تعالیٰ۔

سورہ تبت کے خواص

دفع دشمن کے لیے روزانہ اکتالیس بار پڑھے۔ اول آخر درود شریف اور لفظ ''ابی لہب'' پر اپنے دشمن کا تصور کرے۔ برباد ہوگا۔

سورہ کوثر کے بعض خواص

اگر ہزار بار اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اس نیت سے کہ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوئے، انشاء اللہ تعالیٰ زیارت فیض بشارت سے کامیاب ہوگا۔

اگر دفع دشمن کے لیے پڑھے تو تین صد و تیرہ بار اول آخر درود شریف پڑھے اور آیت...اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ پر دشمن کے دفع کا تصور کرتا رہے تو دفع ہو جائے گا۔

سورۃ فیل کے بعض خواص

اگر سورۃ فیل دفع دشمن کے لیے پڑھے تین صد و تیرہ بار اول آخر درود شریف سات سات بار اور اصحاب الفیل کے کلمہ پر اپنے دشمن کا تصور کرتا رہے تو دفع ہوگا۔

ہر مصیبت دور کرنے کے لیے

ہر قسم کے مصائب کے دفعیہ کے لیے مندرجہ ذیل کلام کا ہر نماز کے بعد سو دفعہ پڑھنا مجرب ہے، رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔

دشمنوں کے مقابلہ میں فتح یابی کے لیے

دشمنوں کے مقابلہ میں فتح یابی کے لیے یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ مُنْزِلَ الْکِتَابِ مُجْرِیَ السَّحَابِ سَرِیْعَ الْحِسَابِ ھَازِمَ الْاَحْزَابِ اِھْزِمْھُمْ.

قرضہ کی ادائیگی

قرضہ کی ادائیگی کا نہایت مجرب اور صدہا بزرگوں اور اولیائے نامدار کا آزمودہ عمل از حضرت مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ۔

اکتالیس روز تک شروع ماہ سے یہ درود شریف روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھے۔ وہ درود شریف یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَی الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ.

پڑھنے کے بعد سجدہ کر کے ادائیگی قرضہ کی دعا کرے۔ مال میں برکت ہوتی ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ قرض جلد ادا ہوگا۔

راہنمائے عملیات کے قارئین کے لیے عام دعوت ہے کہ وہ اپنے بزرگوں اور استادوں کے یا ذاتی مجرب اعمال ارسال کریں۔ چاہے ایک عمل ارسال کریں، لیکن ہونا مستند اور مجرب چاہیے۔

برائے حل مشکلات

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ

بارہ سو مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھتے وقت تھوڑے پانی میں عرق گلاب ڈال کر پاس رکھا جائے پڑھنے سے قبل پیا جائے اور ہر صدی (سو مرتبہ) ختم ہونے پر پیا جائے۔ سات مرتبہ بسم اللہ پڑھی جائے۔ عروج ماہ میں پڑھے۔ (عطا کردہ گلاب شاہ صاحب)۔

فراخی رزق کا وِرد

عملیات حافظ الحدیث مولانا محمد عبداللہ درخواستی صاحب

جو شخص یہ پڑھے گا دنیا اس کے پاس ذلیل ہو کر آئے گی۔ ترکیب یہ ہے، سو بار طلوع فجر کے بعد نماز فجر سے پہلے یہ دعا پڑھے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ.

کشائش رزق وادائیگی قرض

کشائش رزق اور ادائیگی قرض کے لیے صبح کی سنتیں پڑھ کر مندرجہ کلام سات بار پڑھیں۔ اول آخر درود شریف تین بار پڑھیں اور اپنے آپ پر دم کر لیں اور اس کے بعد فرض پڑھیں۔

لَا تُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ وَ ھُوَ یُدْرِکُ الْاَبْصَارَ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ.

وظیفہ کشائش

وظائف از حضرت موسیٰ جی ترکسیریؒ وحضرت شاہ مولانا عین القضا صاحب۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

1- لَا اِلٰـہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ 100 مرتبہ۔

2- رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ 100 مرتبہ۔

3- وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ" بِالْعِبَادِ 100 مرتبہ۔

4- حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ 100 مرتبہ۔

لَآ اِلٰـہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ 1125 مرتبہ درود شریف اول وآخر 25 مرتبہ۔

وظیفہ سلامتی

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّۃِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ.

وظیفہ صفائی قلب

سات سات بار درود شریف اول وآخر اور درمیان میں گیارہ بار آیۃ الکرسی اپنے پر دم کر لیا کریں اور اس کو پانی پر دم کر کے پی لیا کریں اور بسم اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ" فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ سات بار اور اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّمَا خَلَقَ.

مقدمہ میں فتح اور دشمنوں سے حفاظت کے لیے

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیلُ. بکثرت پڑھنا مجرب ہے اس کا ورد بنائے رکھے جتنا زیادہ پڑھ سکے بہتر ہے۔

مہم عظیم کے لیے عمل مجرب

سورۃ یٰسین مہینہ کے پہلے یکشنبہ کے روز بعد نماز صبح طلوع آفتاب سے پہلے اس طرح پڑھے کہ جب اس سورت میں پہلے کلمہ مُبین پر پہنچے تو پھر از سرِ نو پڑھے پھر جب تیسرے مُبین پر پہنچے تو از سرِ نو شروع کرے اس سورت میں سات مرتبہ لفظ مبین آیا ہے اس طرح سات مرتبہ یہ سورت پڑھی جائے اور عمل کو طلوع آفتاب سے پہلے ختم کیا جائے کم از کم سات روز یہ عمل بلا ناغہ جاری رکھے۔

ظالم دشمن کے شر سے نجات حاصل کرنے کے لیے

دن رات میں کوئی فارغ وقت مقرر کر کے سورہ لِاِیْلٰفِ قُرَیْش اکیس مرتبہ پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کرے اور اپنے ظالم دشمن کا تصور کر کے انگشت شہادت سے اس کے قلب کی طرف ضرب کا اشارہ کرے۔ یہ عمل ایک جلسہ میں تین مرتبہ کر کے اُٹھ جائے۔ اگلے روز اسی قوت پھر یہی عمل کرے چند روز تک مسلسل یہ عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوگا اور اس کے ظلم سے نجات حاصل ہوگی۔

مرض الموت

(ا) حضرت سعید بن مالکؓ سے روایت ہے حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس مومن نے آیت کریمہ کو اپنی بیماری میں چالیس بار پڑھا اور مر گیا اس کو شہید کا اجر ملتا ہے اور اگر اچھا ہو گیا تو سارے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

آیۃ کریمہ: لَآ اِلٰـہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰـنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ.

(ب) حضرت ابو سعیدؓ کی مشہور روایت لَقِنُوْا مَوْتَاکُمْ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے مطابق مرض الموت میں مریض کے پاس بیٹھنے والے لَآاِلٰـہَ اِلَّا اللّٰـہُ کے مطابق مرض الموت میں مریض کے پاس بیٹھنے والے لَآاِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ اور کلمہ طیبہ کا ورد کریں تا کہ اس کی زبان پر کلمہ جاری ہو جائے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کا آخری کلام یہ کلمہ ہوگا وہ جنت میں جائے گا۔

جاری ہے......

دنیا ستاروں کی روشنی میں

کے ساتھ کمی دیکھنے کو ملے گی اور سرمایہ کاری میں کمی آئے گی۔ عوام میں صحت کے مسائل میں اضافہ ہوگا۔ کوئی وبائی مرض بھی پھیل سکتا ہے۔

انڈیا کی موجودہ حکومت کے لیے یہ ماہ اچھا ثابت نہ ہوگا۔ سٹاک مارکیٹ بھی اونچ نیچ کا شکار رہے گی۔ البتہ بیرونی سرمایہ کاری میں قدرے اضافہ ہوگا۔

سٹاک مارکیٹ (پاکستان)

مجموعی طور پر مارکیٹ میں کافی اونچ نیچ کے ساتھ مندی کا رجحان رہے گا۔

مالیاتی اداروں میں اونچ نیچ کے ساتھ مندی دیکھنے کو ملے گی۔
آئل اینڈ گیس اور انرجی سیکٹر میں بھی کافی اونچ نیچ رہے گی مگر مجموعی طور پر تھوڑی تیزی آئے گی۔
ٹیلی کام سیکٹر میں مندی کا رجحان دیکھنے کو ملے گا۔ فوڈ سیکٹر میں بھی کافی مندی کا رجحان رہے گا۔
سیمنٹ کی صنعت میں مجموعی طور پر تیزی دیکھنے کو ملے گی۔

☆☆☆☆☆